# کھوئی ہوئی بھیڑ کی کہانی



بچوں کے لئے
دُعائیہ عہد سے ماخوذ



اگر آپ اس دعا کے الفاظ پر
ایمان رکھتے ہیں، تو آپ خدا کے
فرزند بن چکے ہیں!

یہاں پر اپنا نام اور وہ تاریخ لکھیں جس دن آپ یسوع پر ایمان لائے:

نام: ____________________ تاریخ: ____________

## دُوسروں کیلئے دُعا کریں!

ان لوگوں کے نام لکھیں جن کے لئے آپ دعا کریں گے اور جن کو آپ یہ کہانی سنائیں گے:

| نام | تاریخ |
| --- | --- |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |


### ایوری ہوم فار کرائسٹ

ای ایچ سی کی یہ عالمگیر رویا ہے کہ یسوع کی خوشخبری کا پیغام ہر گھر تک پہنچایا جائے۔ مزید معلومات کے لئے اس پتے پر ہم سے رابطہ کریں:

تقسیم کنندگان

EVERY HOME FOR CHRIST

57-H, Block-6, PECHS Karachi. 75400 Pakistan
H # 1761-D, Block-J, Nishat Colony, Lahore.
Ph: 021-34380601, 042-37138056, UAN: 0304-1110720

یسوع نے ایک ایسے چرواہے کی کہانی سنائی جس کی سو بھیڑیں تھیں۔ وہ چرواہا اُن بھیڑوں کو
بڑی میٹھی آواز سے بلاتا تھا مگر اُن میں سے ایک بھیڑ اس کی آواز نہیں سنتی تھی۔




وہ بھیڑ دوسرے راستے پر چلتے ہوئے بھٹک گئی اور ایک ایسی خطرناک
جگہ پہنچ گئی جہاں سے اُس کے لئے گھر واپس جانا مشکل تھا۔

کیا آپ نے کبھی خود کو کھویا ہوا اور تنہا محسوس کیا ہے؟



چرواہا اُس بھیڑ سے اتنا پیار کرتا تھا کہ اس نے باقی سب بھیڑوں کو چھوڑ کر اُسے ڈھونڈنا شروع کر دیا۔ وہ ڈھونڈتا رہا، اور جب وہ بھیڑ اُسے مل گئی، اُس نے اُسے اپنے ہاتھوں میں اٹھایا اور گھر لے آیا۔

جب کھوئی ہوئی بھیڑ مل گئی
تو سب نے خوشی منائی اور چرواہے نے
ایک بڑے جشن کا اہتمام کیا!

آپ کس طرح خوشی منانا پسند کرتے ہیں؟

بائبل ہمیں بتاتی ہے کہ یسوع اچھا چرواہا ہے۔ مَیں، آپ اور سب انسان کھوئی ہوئی بھیڑ کی مانند ہیں۔ ہم خدا کی فرمانبرداری نہیں کرتے۔ ہم خودغرض ہیں، اور ہم اپنی مرضی کو خدا کی مرضی سے زیادہ اہمیت دیتے ہیں۔ اسی وجہ سے ہم خدا سے دُور جا چکے ہیں۔ صرف یسوع ہمیں بچا سکتا ہے۔

یسوع خدا کا اکلوتا بیٹا ہے جو انسان بن کر دُنیا میں آیا۔ یسوع نے بیماروں کو شفا دی۔ اس نے بھوکوں کو کھانا کھلایا اور اُس نے توبہ کرنے والے سب لوگوں کو معاف کر دیا۔ ہمارے گناہوں کی خاطر یسوع نے صلیب پر جان دی اور تیسرے دن خدا نے اسے دوبارہ زندہ کر دیا۔

## یسوع نے اپنی جان آپ کے لئے دی تاکہ آپ اس کے پاس واپس آ جائیں۔

یسوع آسمان پر ہے۔ آپ اسے اپنی آنکھوں سے دیکھ نہیں سکتے لیکن جب بھی آپ اُسے پکاریں تو وہ آپ کی آواز کو سنتا ہے اور وہ آپ کی دعاؤں کا جواب بھی دے سکتا ہے!

”۔۔۔مَیں اس لئے آیا کہ وہ زندگی پائیں اور کثرت سے پائیں۔ اچھا چرواہا مَیں ہوں۔ اچھا چرواہا بھیڑوں کے لئے اپنی جان دیتا ہے۔“ یوحنا ۱۰:۱۰۔۱۱

**زندہ خداوند یسوع کے ساتھ اپنے تعلق کا آغاز کرنے کے لئے نیچے دیئے گئے نمونہ کے مطابق دعا کریں۔ یہ دعا بھی کیجئے۔ ہر روز دُعا کرنے کا عہد کریں!**

پیارے خُدا،
تیرا شکر ہو کہ تو مجھ سے پیار کرتا ہے اور تو نے مجھے اپنا فرزند بنایا ہے۔ میری مدد کر تاکہ مَیں بھی تجھ سے پیار کرتے ہوئے تیری تابعداری کر سکوں۔
مجھے توفیق دے تاکہ مَیں بھی دوسروں کے ساتھ ویسی محبت رکھ سکوں جیسی محبت تو مجھ سے رکھتا ہے۔ مَیں اپنے گناہوں سے توبہ کرتا ہوں۔ مجھے دھو کر صاف کر دے۔ مَیں اپنے سارے دل سے تیری تمجید کروں گا!
اے یسوع، مَیں تجھے اپنا خداوند مانتے ہوئے تیرے پیچھے چلنا چاہتا ہوں۔ مجھے تبدیل کر اور اپنی مرضی کے مطابق بنا لے۔
مجھے اپنے روح القدس سے معمور کر۔ مَیں اپنی زندگی کے لئے تیری مرضی کو جاننا چاہتا ہوں۔
مجھے سلامتی، سچائی اور انصاف کا پیامبر بنا دے۔ مَیں تیری محبت اور سچائی سے منور ہونا چاہتا ہوں تاکہ میرے وسیلہ سے دوسرے لوگ تجھے پہچان سکیں۔
مَیں یسوع کے نام سے یہ دعا مانگتا ہوں۔
آمین۔

**کیا آپ آج یہ کہانی اور یہ دعا کسی دوسرے شخص تک پہنچائیں گے؟**